## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی خالہ زاد بہن اقبال جہاں بیگم کی فاتحہ سوئم، الطاف حسین نے خصوصی دعا کرائی

## قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست منتخب عوامی نمائندوں اور مرحومہ کے عزیزواقارب کی شرکت

کراچی۔۔۔17، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خالہ زاد بہن محترمہ اقبال جہاں بیگم مرحومہ کی فاتحہ سوئم آج بروز اتوار بعد نماز ظہر جامع محمدی مسجد اور مرحومہ کی رہائشگاہ واقع فیڈرل بی ایریا مکان نمبر R-451 عزیز آباد میں ہوا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی جبکہ ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین نے ٹیلی فون کے ذریعے اقبال جہاں بیگم مرحومہ کی مغفرت ان کے بلند درجات کیلئے خصوصی دعا کرائی۔ قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائمخانی، اراکین رابطہ کمیٹی سلیم تاجک، کیف الوریٰ، ڈاکٹر نصرت اور نیک محمد کے علاوہ حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، سینیٹرز، مشیران، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، سابق اراکین اسمبلی، ایم کیوایم کے مختلف ونگز اور شعبہ جات کے ارکان، کراچی کے مختلف سیکٹرز اور یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور قائد تحریک الطاف حسین کی بڑی ہمشیرہ محترمہ سائرہ بیگم، ایم کیوایم کی منتخب اراکین اسمبلی، شعبہ خواتین کی ذمہ داران اور مرحومہ کے دیگر عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے ٹیلی فون کے ذریعہ محترمہ اقبال جہاں بیگم مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے خشوع وخضوع کے ساتھ فاتحہ خوانی کی اور دعا کرائی۔ جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اقبال جہاں بیگم مرحومہ کے صغیرا کبیرا گناہوں کو معاف فرمائے، انہیں کروٹ کروٹ جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے، سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ حاضرین کی جائز خواہشات اور حاجات کو پورا کرے اور تمام بیماروں کو شفائے کلی عطا فرمائے۔ (آمین) علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کورنگی نمبر 1 کے قبرستان جا کر مرحومہ کی قبر پر فاتحہ خوانی کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی۔ اس موقع پر حق پرست منتخب عوامی نمائندے اور دیگر عزیزواقارب بھی موجود تھے۔

## قاضی حسین احمد کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

لندن۔۔۔17، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جماعت اسلامی کے سابق امیر قاضی حسین احمد کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور انکی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ قاضی حسین احمد کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ملیر جیل میں قیدی کی تشدد سے ہلاکت کا نوٹس لیا جائے، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔17، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے ملیر جیل میں قیدی کی تشدد سے ہلاکت کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ جیلوں میں قیدیوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کا فوری نوٹس لیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جیلوں میں قیدیوں سے غیر انسانی سلوک روا رکھا جاتا ہے اور عدالتوں میں پیشیوں پر نہیں لے جایا جاتا۔ انہوں نے کہا کہ کرپٹ جیل افسران اور اہلکاروں نے رشوت کا بازار گرم کر رکھا ہے، قیدیوں سے ملاقاتوں کیلئے آنے والے غریب افراد سے پیسے بٹورے جاتے ہیں اور بااثر قیدیوں کو غیر انسانی سہولتوں کی فراہمی کے لئے بھاری رشوت لی جارہی ہے جبکہ قیدیوں کو جائز حقوق تک نہیں دیئے جارہے ہیں۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ملیر جیل میں قیدی کی ہلاکت کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور کرپٹ جیل انتظامیہ اور اہلکاروں کے خلاف محکمہ جاتی کارروائی کی جائے۔

## ایم کیوایم بدین زون ماتلی سیکٹر کی سابق سیکٹر کمیٹی کے رکن خلیل احمد راجپوت کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔17،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بدین زون ماتلی سیکٹر کی سابق سیکٹر کمیٹی کے رکن خلیل احمد راجپوت کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ، نیو کراچی ٹاؤن سیکٹر کے کارکنان کے والد اور بدین زون ماتلی سیکٹر کی سابق سیکٹر کمیٹی کے رکن خلیل احمد راجپوت کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بدین زون سیکٹر ماتلی کی سابق سیکٹر کمیٹی کے رکن خلیل احمد راجپوت، ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن ثناء اللہ کے والد محمد یوسف اور ایم کیوایم نیو کراچی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن افسر حسین خان شیروانی کے والد ظفر حسین خان شیروانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆